پریس ریلیز

ایف پی سی سی آئی انتخابات؛ پاکستان بزنس مین الائنس نے زبیر موتی والا کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر کے سابقہ صدر و بزنس گروپ چیئرمین رانا ناصر محمود کو سینئر نائب صدر نامزد کر دیا

چیمبرز تاجر برادری کی ڈھال ہیں؛ نئی قیادت چاروں صوبوں کی بزنس کمیونٹی کو جوڑ کر فیڈریشن کا کھویا ہوا وقار بحال کرے گی: میاں انجم نثار

گوجرانوالہ: پاکستان بزنس مین الائنس (PBA) کے چیئرمین میاں انجم نثار نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے آئندہ انتخابات برائے 2026-28 کے لیے صدارتی امیدوار زبیر موتی والا کے ہمراہ بزنس گروپ چیئرمین و سابقہ صدر گوجرانوالہ چیمبر رانا ناصر محمود کو سینئر نائب صدر کے لیے باضابطہ نامزد کر دیا ہے۔ یہ اعلان گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں منعقدہ ایک پروقار تقریب کے دوران کیا گیا، جس کی صدارت صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کی۔

تقریب میں نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابقہ صدور، سینئر و ایگزیکٹو رہنما، مختلف ایسوسی ایشنز کے چیئرمین اور ملک بھر سے آئے ہوئے معزز مہمان شریک تھے۔ شرکا میں کو چیئرمین پی بی اے جاوید بلوانی، سینئر نائب صدور بی ایم پی خواجہ شاہزیب اکرم، شیخ محمد علی، چیئرمین بی ایم پی پنجاب سہیل الطاف، احمد چنائے، سابق صدور کراچی چیمبر یونس بشیر، ریحان حنیف، سابق صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمان سہگل، سابق صدر راولپنڈی چیمبر اسد مشہدی، سابق نائب صدر ایف پی سی سی آئی ندیم قریشی، سینئر نائب صدر ساہیوال چیمبر رانا صدیق، اور عون علی سید سمیت ملک کے مختلف چیمبرز کی قیادت شامل تھی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پی بی اے میاں انجم نثار نے کہا کہ الیکشن کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ نظریے کا ہوتا ہے اور چیمبرز تاجر برادری کی اصل ڈھال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیڈریشن ایک ایسی وفاقی اکائی ہے جس نے چاروں صوبوں کی بزنس کمیونٹی کو متحد رکھنا ہے، اور زبیر موتی والا کی قیادت اپنی ذات سے بالاتر ہو کر چیمبرز کا کھویا ہوا وقار بحال کرے گی۔

صدارتی امیدوار زبیر موتی والا نے اپنے خطاب میں کہا کہ خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان کی پیداواری لاگت 15 سے 18 فیصد زیادہ ہونے کے باعث برآمدات بری طرح متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری محکموں کی بے جا مداخلت روکی جائے، پہلے سے رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان پر مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے غیر رجسٹرڈ شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے، اور ملک میں کم از کم 5 سالہ مستقل صنعتی، تجارتی و توانائی پالیسی دی جائے جسے مدت سے قبل تبدیل نہ کیا جا سکے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کامیابی کے بعد عہدہ سنبھالنے کے پہلے 30 روز میں حامی و مخالف تمام چیمبرز اور ایسوسی ایشنز کا گرینڈ کنونشن بلا کر اتفاقِ رائے سے قومی معاشی پالیسی مرتب کی جائے گی۔

ایف پی سی سی آئی کے نامزد امیدوار برائے سینئر نائب صدر رانا ناصر محمود نے اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بزنس مین الائنس کی قیادت نے گوجرانوالہ چیمبر اور مقامی تاجر برادری کو جو عزت بخشی ہے اس پر وہ تمام قائدین کے شکر گزار ہیں اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر بھرپور کردار ادا کریں گے۔

PRESS RELEASE

FPCCI Elections: Pakistan Businessmen Alliance Nominates Former GCCI President and Business Group Chairman Rana Nasir Mahmood as Senior Vice President Alongside Zubair Motiwala

Chambers Are the Shield of the Business Community; New Leadership Will Unite the Business Community Across All Four Provinces to Restore the Lost Prestige of the Federation: Mian Anjum Nisar

GUJRANWALA: Mian Anjum Nisar, Chairman of the Pakistan Businessmen Alliance (PBA), alongside presidential candidate Zubair Motiwala, formally announced the nomination of Rana Nasir Mahmood—Business Group Chairman and former President of the Gujranwala Chamber—as Senior Vice President for the upcoming FPCCI Elections 2026–28. The announcement was made during a distinguished ceremony held at the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI), presided over by GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge.

The event was attended by Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, former presidents, senior and executive leaders, association chairmen, and prominent guests from across the country. Notable attendees included PBA Co-Chairman Javed Bilwani, BMP Senior Vice Presidents Khawaja Shahzaib Akram and Sheikh Muhammad Ali, BMP Punjab Chairman Sohail Altaf, Ahmed Chinoy, former Karachi Chamber presidents Younus Bashir and Rehan Hanif, former Lahore Chamber president Faheemur Rehman Saigol, former Rawalpindi Chamber president Asad Mashhadi, former FPCCI Vice President Nadeem Qureshi, Sahiwal Chamber Senior Vice President Rana Siddique, Aon Ali Syed, and leadership representing diverse chambers nationwide.

Addressing the ceremony, PBA Chairman Mian Anjum Nisar stated that elections represent an ideology rather than an individual, and chambers serve as the true shield for the business community. He emphasized that the Federation is a vital federal entity tasked with uniting the business community across all four provinces, and Zubair Motiwala's leadership will rise above personal interests to restore the lost prestige of chambers.

In his address, presidential candidate Zubair Motiwala pointed out that Pakistan's exports are severely constrained because production costs are 15 to 18 percent higher compared to other regional countries. He demanded that unjustified interference by government departments be curtailed, unregistered sectors be brought into the tax net instead of placing an additional burden on existing compliant taxpayers, and a stable 5-year industrial, commercial, and energy policy be instituted that cannot be altered prematurely. He announced that within the first 30 days of assuming office following victory, a grand convention of all supporting and opposing chambers and associations will be convened to formulate a national economic policy through consensus.

Accepting the nomination, FPCCI Senior Vice President nominee Rana Nasir Mahmood expressed heartfelt gratitude to the Pakistan Businessmen Alliance leadership for the immense

honor bestowed upon the Gujranwala Chamber and local traders, assuring that he will vigorously advocate for the resolution of business community grievances across all forums.